
# بچے اور سوشل میڈیا کی پابندیاں

**84% پاکستانی ، پاکستان میں بھی 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے آسٹریلیا جیسی سوشل میڈیا پابندی کے کی حمایت کرتے ہیں؛ مردحضرات کے مقابلے خواتین میں اس حوالے سے زیادہ حمایت دیکھنے میں آئی، 73% خواتین بمقابلہ 69% مرد حضرات**

حال ہی میں آسٹریلیا میں اور جیسی سوشل میڈیا ایپس کو 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اس بات سے کس حد تک متفق ہیں کہ ایسا ہی قانون پاکستان میں بھی ہونا چاہیے؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

سماجی رویے

بچے اور سوشل میڈیا کی پابندیاں

## 84% پاکستانی، 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے آسٹریلیا کی طرح پاکستان میں سوشل میڈیا پر پابندی کی حمایت کرتے ہیں؛ مرد حضرات کے مقابلے خواتین میں اس حوالے سے زیادہ حمایت دیکھنے میں آئی، 73% (خواتین) بمقابلہ 69% (مرد حضرات)۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد، 02 جولائی 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 84% پاکستانی اس بات سے متفق ہیں کہ پاکستان میں بھی 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا پر پابندیاں لگائی جانی چاہئیں، جیسا کہ حال ہی میں آسٹریلیا میں کیا گیا ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"حال ہی میں آسٹریلیا میں Facebook اور Instagram جیسی سوشل میڈیا ایپس کو 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اس بات سے کس حد تک متفق ہیں کہ ایسا ہی قانون پاکستان میں بھی ہونا چاہیے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 71% جواب دہندگان کے مطابق وہ اس بات سے "مکمل طور پر متفق" ہیں، جبکہ 13% جواب دہندگان کے مطابق وہ اس سے "کسی حد تک متفق" ہیں، اس طرح مجموعی طور پر 84% افراد اس قانون کے حق میں نظر آئے۔ دوسری جانب، 6% جواب دہندگان نے اس سے "کسی حد تک متفق" اور 3% جواب دہندگان نے "مکمل طور پر غیر متفق" ہونے کا اظہار کیا، جبکہ 6% جواب دہندگان کو اس حوالے سے معلوم نہیں تھا اور 1% جواب دہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

مجموعی طور پر نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان میں عوام کی بڑی اکثریت 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا پابندیوں کی حمایت کرتی ہے۔ جنس کے لحاظ سے مرد حضرت اور خواتین دونوں میں اس حوالے سے مجموعی اتفاق 84% پایا گیا، لیکن خواتین میں حمایت کی شرح قدرے زیادہ ہے۔ خواتین کی 73% شرح اس سے مکمل طور پر متفق ہیں، جبکہ مردوں میں یہ شرح 69% ہے۔


**"ال ہی میں آسٹریلیا میں Facebook اور Instagram جیسی سوشل میڈیا ایپس کو 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اس بات سے کس حد تک متفق ہیں کہ ایسا ہی قانون پاکستان میں بھی ہونا چاہیے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 761 خواتین اور مرد حضرات سے 26 مارچ 2026 تا 01 اپریل 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** جنس کے لحاظ سے مرد حضرت اور خواتین دونوں میں اس حوالے سے مجموعی اتفاق پایا گیا (84%)، لیکن خواتین میں حمایت کی شرح قدرے زیادہ پائی گئی۔ خواتین کی 73% شرح اس سے مکمل طور پر متفق نظر آئیں، جبکہ مردوں میں یہ شرح 69% رہی۔ مرد حضرات میں کسی حد تک متفق ہونے کی شرح قدرے زیادہ دیکھنے میں آئی، جو کہ 15% رہی، جبکہ خواتین میں یہ شرح 11% پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 02 July 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan
(1980-2026)